سوال

(860)ترانہ کے وقت افسران کے ساتھ کھڑا ہوجانا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

کسی خاص تقریب میں جس میں افسران حضرات بھی موجود ہوں ترانہ کے وقت افسران کے ساتھ کھڑا ہوجانا جبکہ دل میں اس کے شرعی جواز کی نیت نہ ہو کیا کفر تولازم نہیں ہوجاتا یا افسران کی آمد کے وقت کھڑا ہوجانا ۔ ان مذکورہ

صورتوں میں ہم لوگ مجبور ہوجاتے ہیں کہ اس قسم کا فعل اداکریں ہماری مجبوری کو دیکھتے ہوئے مذکورہ مسئلہ کے جواز یا عدم جواز کی وضاحت فرمائیں ؟ محمد اکرم عربی ٹیچر اوکاڑہ

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعليكم السلام ورحمة الله وبركاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

کفر لازم ہونے کا تو مجھے علم نہیں ترانہ کے وقت افسران کے ساتھ یا افسران کے بغیر کھڑا ہونا کتاب وسنت میں کہیں نہیں آیا ۔ بلکہ خطبہ جمعہ جس میں اللہ تعالیٰ کا کلام بھی پڑھا جاتا ہے بیٹھ کر سنا جاتا ہے تفصیل پہلے لکھی جاچکی ہے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص537